Lp212 - Karishma Adi - 083

سوال: اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کے نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

ج: اسلام عربی زبان سلم سے لیا گیا ہے جسکا مطلب ہے امن۔

**لغوی معنی:** امن قائم کرنا، اطاعت کرنا۔

**اصطلاحی معنی:** کسی کی اطاعت کرنا، اپنے آپکو کسی کا سپرد کرنا، کسی کے آگے سر تسلیم خم کرنا۔

**شرعی معنی:** اپنے آپکو اللہ اور اسکے رسول کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق چلانا، حضور کے اصولوں پر زندگی بسر کرنا اور اللہ کے احکامات ماننا اسلام کہلاتا ہے۔

**تعریف:** ① امام غزالی: "اسلام حقوق اللہ اور حقوق العباد کا مجموعہ ہے۔"

② صدر دین اصلاحی: "اسلام عقائد اور عبادت کے مجموعے کا نام ہے۔"

③ راغب الاصفہانی: "زبان سے اقرار کرنا، دل سے تسلیم کرنا اور پھر اعضاء سے سرانجام دینا"

④ سید امیر علی: "امن اور ہم آہنگی سے زندگی بسر کرنا۔"

⑤ آکسفورڈ: "اسلام اللہ کی واحدانیت، حضور کی رسالت اور سنت کے مطابق زندگی کا نام ہے۔"

⑥ حضورؐ: اللہ اور اسکے رسولؐ پر ایمان لانا اور انکے بتائے ہوئے اصولوں پر زندگی بسر کرنا:

**وضاحت:** اسلام اصل میں امن و سلامتی کا سلسلہ اللہ اور اسکے رسولؐ کے بتائے ہوئے رستے پر چلنے کا نام ہے:

"اللہ نے نرمی سے کام کرنے میں جو صلاحیت رکھی ہے وہ سختی میں نہیں۔" (حدیث)

اللہ نے دنیا کے لوگوں کی رہنمائی کیلئے دین بھیجا یہاں تک کہ حضرت آدمؑ جو کہ دنیا کے پہلے انسان تھے، بھی نبی بنا کر بھیجے گئے تاکہ انکو انکی زندگی کا مقصد معلوم ہو اور وہ اِدھر اُدھر نہ بھٹکیں۔ اللہ نے ہر دور میں ہر قوم کیلئے نبی بھیجے جو بندوں کو انکی زندگی کا مقصد اور اللہ کے احکامات کے بارے میں آگاہ کرتے رہے۔ یہ سلسلہ حضرت آدمؑ سے شروع ہو کر خاتم النبین حضرت محمدؐ پر تمام ہوا۔ تمام انبیاء نے نہایت ہی نرمی اور امن کے ساتھ انسانوں کو اللہ کے دین کی طرف بلایا۔ تاریخ اُٹھا کر دیکھیے کسی بھی نبی نے اسلام کی تبلیغ کیلئے جبر اور جنگ کا سہارا نہیں لیا۔

حضورؐ سے کسی نے پوچھا کہ آپ کیلئے زندگی کی سب سے غمگین گھڑی کونسی تھی؟ تو آپؐ نے جواب دیا: طائف کا سفر (جس میں حضورؐ پر پتھر مارے گئے اور انھیں زخمی کر دیا گیا لیکن پھر بھی آپؐ نے انکو نیکی کی ہدایت کیلئے اللہ سے دُعا کی، اور فرشتوں کو اس شہر کو تباہ کرنے سے روکا۔)

## اسلام کی تفصیل

- **اعتقادات**
  - ایمان اللہ
  - رسول
  - فرشتوں
  - کتابوں
  - آخرت کا دن
  - آخرت کا بعد کی زندگی
  - خیر و شر
- **عبادات**
  - نماز
  - زکوٰۃ
  - روزہ
  - حج
  - جہاد
- **معاملات**
  - لین دین
  - رسومات
  - خدمات
- **اخلاقیات**
  - صبر
  - عاجزی
  - خلوص
  - دیانت
  - امانت داری
- **عقوبات**
  - چوری
  - بہتان
  - شراب
  - بد نظری

## اسلام کے نمایاں خصوصیات:

### (1) الہامی دین:

اسلام ایک الہامی دین ہے جو اللہ کے طرف سے ہے کوئی شخص اپنے طرف سے کچھ اضافہ ~~[illegible]~~ نہیں کر سکتا قرآن میں بھی اللہ فرماتے ہے "اگر ہو سکے تو اپنے طرف اسکے مثل کوئی آیت لے کر آؤ۔" (القرآن)

انبیاء نے بھی اللہ کا احکام بندوں تک پہنچایا ہے وہ خود سے کچھ نہیں کہتے بلکہ اللہ ہی کا پیغام بندوں تک لاتے اور انکو اس پر عمل کرنے کی تلقین کرتے۔

یہ دین اللہ حضرت جبرائیلؑ کے ذریعے پیغمبروں کو پہنچاتے اور پھر اُن کے ذریعے عام مخلوق کو۔

CS CamScanner

## ② اسلام: مکمل ضابطہ حیات :

اسلام ایک مکمل دین ہے جو انسان کی پیدائش سے لیکر اس کی موت تک کی رہنمائی کرتا ہے۔ یہ دنیا کے وجود سے لیکر اس کے اختتام تک کا بھی تفصیل فراہم کرتی ہے اور دنیا کا ہر پہلو کی زندگی پر بھی روشنی ڈالتی ہے۔

"آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کیا اور حضرت محمد ﷺ کو تمہارے لئے پیغمبر بنا کر بھیجا" (القرآن)

یہ اللہ نے ایسے ہی نہیں کہا بلکہ He means جب وہ کہتے ہیں کہ تمہارا دین اسلام مکمل ہوا، اس کا مطلب اب کوئی ایسا پہلو یا زندگی نہیں بچا جو اسلام نے cover نہ کیا ہو۔ اسلام انسانی زندگی کے کونے کونے تک کی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

یہ انفرادی اور اجتماعی طور پر بھی انسانی رہنمائی کا واحد ذریعہ ہے۔

## ③ ایمانیات :

اسلام انسان کو زندگی گزارنے کا ایک راستہ بتاتا ہے اور وہ توحید، رسالت، اور دوسرے بنیادی عقائد پر ایمان کے بناء ممکن نہیں۔

جب انسان یہ ~~ایمان~~ مان لیتا ہے کہ یہ دنیا اللہ نے بنائی ہے وہ اکیلا اسکا چلانے والا ہے۔ تو پھر انسان کے پاس اسکے وجود پر ایمان لانے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں بچتا۔

رسولوں پر ایمان انسان کو اسلام کی عطا کردہ تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق
عطا کرتا ہے اور وہ اپنی زندگی ان کے نقشِ قدم پر گزار کر اللہ کی خوشنودی
اور سعادت حاصل کر لیتا ہے۔

آخرت پر ایمان انسان کو دنیا میں اچھی زندگی گزارنے اور آخرت کی
تیاری کا درس دیتی ہے۔

ہماری باقی تمام عقائد کتابوں پر ایمان، فرشتوں پر ایمان، حشر و نشر پر ایمان
سب کا تعلق ~~اللہ پر ایمان~~ توحید پر ہے۔ یہی عقیدہ ہمارے باقی عقائد کا بنیاد
بنتا ہے۔

④ انسانیت کا درس:
اسلام انسانیت کا درس دیتا ہے۔

المائدہ: "جس نے ایک انسان کو بچایا اس نے پوری انسانیت کو بچا لیا!"

بنی اسرائیل: "یقیناً ہم نے اولادِ آدم کو عزت سے نوازا!"

اللہ قرآن میں مسلمان کا نام لیکر مختص نہیں کیا بلکہ انسان کے بارے میں
فرمایا ہے جس میں مسلمان، کافر، مشرک سب شامل ہے اسطرح اللہ نے
Gender بھی مختص نہیں کیا کہ صرف عورت یا صرف مرد عزت دار ہے
بلکہ انسان کا حوالہ دیا جس میں تمام جنس شامل ہوتی ہے۔

حضور ﷺ نے بھی ہمیشہ انسانیت کا درس دیا ہے۔

"تم میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا ہو۔"

"وہ شخص جنت میں نہیں جائیگا جسکی زبان کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا جلنا چھوڑ دیں۔"

"وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا۔"

⑤ نباتات اور جانوروں کے ساتھ سلوک: اسلام نہ صرف انسانیت بلکہ پودوں اور جانوروں کے ساتھ بھی اچھے سلوک کا درس دیتا ہے۔

جیسے حضور ﷺ ہمیشہ جنگ کے دوران سپاہیوں کو درختوں کو نقصان پہنچانے سے منع کرتے۔

"سرسبز درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے" (حدیث)

اسطرح حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایک عورت دوزخ میں جلی گئی کیونکہ اسکی بلی بھوک اور پیاس سے مر گئی تھی۔

(6) دائمی دین:
اسلام ایک مستقل دین ہے ایسا نہیں کہ کوئی بھی شخص اٹھ کھڑا ہو کر اسکی تعلیمات میں تبدیلی کر سکے۔ اسکی تعلیمات اور احکامات دائمی ہے وہی جو اللہ نے حضور کے ذریعے ہم تک پہنچایا۔ اسکے علاوہ اس دین دین میں کوئی تبدیلی یا کسی نئی بات کی گنجائش نہیں البتہ اسلام انسان کو ایسے کاموں پر متفق رائے قائم کرنے کا حکم دیتا ہے جو باتیں اسلام سے ظاہر نہ ہو۔ ~~اسلام ایک~~

(7) انسانی عظمت کا تحفظ:
اسلام وہ واحد دین ہے جس نے انسان کو عزت دی اور سارے انسانوں کو برابر قرار دیا۔ جیسے حضور نے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا: "کسی کالے کو گورے پر، گورے کو کالے پر، عجمی کو عربی اور عربی کو عجمی پر کوئی فضیلت و برتری حاصل نہیں، اگر ہے تو صرف تقویٰ کی بنیاد پر۔"

اسلام میں امیر، غریب، کالا گورا وغیرہ نہیں کیا جاتا اور اسکا ثبوت مسلمانوں کا مسجد میں ایک صف میں کھڑا ہونا ہے۔

دوسرے مذاہب کے لوگ امتیازی سلوک و رویہ اختیار کرتے ہے جیسے ہندوؤں شودر کو نیچ، یہودی کالوں (کالے لوگوں) کو ~~شامل نہیں کرتے~~ حقیر اور عرب کے لوگ غلاموں کو انسانوں کا درجہ نہیں دیتے تھے۔ لیکن حضور نے انسانوں کو اللہ کے نظر میں برابر قرار دیا ہے۔

"تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنے غلاموں کو وہی پہناتا ہو جو وہ خود پہنتا ہو اور وہی کھلاتا ہو جو وہ خود کھاتا ہو۔" (حدیث)

(8) **میانہ روی کا درس:**
اسلام انسان کو زندگی کا تمام کاموں میں میانہ روی اختیار کرنے کا درس دیتا ہے۔ چاہے وہ اُٹھنا بیٹھنا، سونا جاگنا، عبادت وغیرہ کرنا ہو۔
ایک مذہب ہے جس میں انسان ~~ھ~~ دنیا کو ترک کر کے بس آخرت کی تیاری کرتا ہے لیکن اسلام نے ایسا کرنے سے منع کیا ہے۔ اسلام ~~ھ~~ میں زندگی گزارنے اور ~~رزق~~ رزقِ حلال کمانے پر بھی ثواب ملتا ہے۔

(9) **اسلام ایک سادہ دین ہے:**
اسلام ایک ایسا دین ہے جس سے ہر انسان ہر دور میں فائدہ لے سکتا ہے اور اسکے احکام ~~کو~~ پر عمل کرنے اور انکے مطابق زندگی گزارنے کیلئے اسکو کسی ~~()~~ وحی وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ قرآن اور سُنت سے براہِ راست فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

## (15) اسلام اور سائنس :

اسلام نے جو باتیں 1400 سال پہلے کہی تھیں وہ آج سائنس ثابت کر رہا ہے۔

○ جیسے روزہ رکھنے سے انسانی جسم Detox ہوتا ہے۔

○ مسح کرنے سے انسان کے بدن کا ایک ایک نس میں خون کا بہاؤ سرعت ہوتا ہے

○ اللہ کا دنیا کو وسیع کرنے کا وہ آیت آج سائنس نے ثابت کیا ہے Machio Kaku کی نظریہ جو کہ Multiverse کے بارے میں ہے یہی ثابت کرتی ہے کہ یہ دنیا پھیل رہی ہے اور ایک چھوٹے نقطے سے بنی ہے۔

○ سجدہ کرنے سے انسان کے جسم سے خطرناک شعاعیں خارج ہوکر Earthed ہوجاتی ہے۔

○ دائیں طرف سونے سے معدہ اچھی طرح کام کرتا ہے۔